اسلام اور سرمایہ داری میں جنگ | از جناب رانا صابر نظامی - ناشر: ادارہ تحریک اسلامی ۲۔ اے سانده روڈ لاہور۔ قیمت: ۲۵/- روپے۔

یہ دور جب کہ مغرب کے سحر سے انفرادی سرمایہ داری اور روسی آسیب کے زیر اثر حکومتی سرمایہ داری انسانوں پر مسلط ہے اور اس کی وجہ سے دنیا دارالعذاب بن گئی ہے۔ اس میں واحد مرکزِ امید اسلام رہ گیا ہے۔ رانا صابر نظامی نے اس کتاب میں آیات و احادیث جمع کر کے یہ دکھانے کی کوشش کی ہے کہ اسلام سرمایہ داری کا اتنا ہی دشمن ہے جتنا اشتراکیت کا۔ انہوں نے دولت کے ارتکاز، مزدوروں کی بہبود، سود کی لعنت، امپریلزم، سیکولرازم، نیشنلزم اور سوشلزم سارے موضوعات پر روشنی ڈالی ہے۔ اور اسلام کے صراطِ مستقیم کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سرمایہ داری اور جاگیرداری وہ بدبلائیں ہیں کہ جب تک کسی معاشرے پر مسلط ہوں، وہ اسلام تک تو کیا پہنچے گا، عمومی فلاح و بہبود سے بھی بہرہ مند نہ ہو سکے گا۔

نظریۂ کسب و انفاق | از جناب حکیم محمد اسحٰق حویلیاں - ناشر: منظور حسن اکیڈمی، کراچی۔ قیمت: ۱۶/- روپے

اس کتاب کا بھی تعلق نظامِ معاش سے ہے، حکیم صاحب نے قرآن، حدیث اور سیرت پاکؐ کی روشنی میں یہ دکھایا ہے کہ اگر لوگ حلال کی کمائی کے پابند ہوں، تبذیر و اسراف سے بچنے والے ہوں، اور انفاق میں فراخ دست ہوں تو نظامِ معیشت بھی درست رہتا ہے اور انسانی کردار بھی۔ انہوں نے انسان کی ذہنی اصلاح سے لے کر آمد و صرف اور لین دین کی درستی تک، ہر معاملے میں باقاعدہ تحقیق کر کے دینی رہنمائی بہم پہنچائی ہے۔ کتاب قابلِ قدر ہے۔

شاہنامہ بالاکوٹ | نتیجۂ کاوش جناب علیم ناصری - ناشر: مکتبہ علمیہ ۴۴/سی، نصیر آباد، شالامار ٹاؤن - لاہور ۲ قیمت: ۴۰/- روپے۔

یہ تحریک شہدائے بالاکوٹ کی منظوم داستان کا پہلا حصہ ہے جو ۲۰۴ صفحوں پر پھیلا ہوا